نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِصدارت سموگ کنٹرول بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس

محکمہ زراعت اور محکمہ ماحولیات کی ٹیمیں سموگ ایکشن پلان پر من وعن عمل یقینی بنائیں۔ سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 03 اکتوبر 2025: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت سموگ کنٹرول بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خاں لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کے علاوہ محکمہ تحفظ ماحول و موسمیاتی تبدیلی اور محکمہ زراعت پنجاب کے اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں سموگ کے خاتمہ کے لیے مرتب کردہ پلان پر عمل درآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ محکمہ زراعت اور محکمہ ماحولیات کی ٹیمیں سموگ ایکشن پلان پر من وعن عمل یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں محکمے باہمی روابط کو مزید مضبوط بنائیں اور سموگ کے خاتمہ کی مہم کی سرگرمیوں میں تیزی لائیں۔ وزیرزراعت پنجاب نے ہدایت کی کہ سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت آگاہی مہم کے لیے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جائیں اور دونوں محکمے مشترکہ تعاون سے سموگ کنٹرول روم قائم کریں۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت 4 ہزار سے زائد سپر سیڈرز کاشتکاروں کو سبسڈی پر فراہم کیے جا چکے ہیں جبکہ دھان کے باقیات کو لگائی جانے والی آگ کی مانیٹرنگ سیٹلائٹ کے ذریعے کی جارہی ہے۔ مزید برآں موٹرویز کے اطراف 538 دیہاتوں میں قریباً ایک ہزار سپرسیڈرز فراہم کیے جارہے ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز سپر سیڈرز کے ذریعے گندم کاشت کرنے کے بارے بھرپور مہم چلائیں اور کاشتکاروں کو سپرسیڈرز کے استعمال بارے رہنمائی فراہم کریں۔

☆☆☆☆